10جون 2015ء

کارکنوں کی ترسیلات مالی سال 15ء کے پہلے گیارہ مہینوں میں 16 فیصد بڑھ کر 16.6 ارب ڈالر ہو گئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال 15ء کے پہلے گیارہ مہینوں (جولائی تا مئی) کے دوران 16,632.76 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جس سے م س 14ء کے اسی عرصے میں بھجوائی گئی رقم 14,338.38 ملین ڈالر کے مقابلے میں 16 فیصد کی متاثر کن نمو ظاہر ہوتی ہے۔

مئی 2015ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات 1,663.1 ملین ڈالر رہیں جو اپریل 2015ء کے مقابلے میں 1.37 فیصد اور مئی 2014ء کے مقابلے میں 15.46 فیصد زائد ہیں۔ بلحاظ ملک مئی 2015ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 528.34 ملین ڈالر، 399.35 ملین ڈالر، 221.1 ملین ڈالر، 194.15 ملین ڈالر، 190.66 ملین ڈالر، اور 28.5 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ مئی 2014ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 451.14 ملین ڈالر، 290.91 ملین ڈالر، 216.84 ملین ڈالر، 181.04 ملین ڈالر، 164.01 ملین ڈالر، اور 39.06 ملین ڈالر تھیں۔ مئی 2015ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 101.0 ملین ڈالر رہیں جبکہ مئی 2014ء میں ان ملکوں سے موصولہ رقم 97.47 ملین ڈالر تھی۔

☆☆☆